| 11 | تَوَقَّفْ يَا وَلَدُ! إِلَى أَيْنَ أَنْتَ ذَاهِبٌ؟<br>اے لڑکے! رکو، تم کہاں جا رہے ہو؟ | ذَاهِبٌ إِلَى الْمَكْتَبَةِ. لِأُطَالِعَ الْكُتُبَ الْعَامَّةَ<br>میں مروجہ کتابوں کا مطالعہ کرنے کے لیے لائبریری جا رہا ہوں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 12 | هَلْ جرَّبْتَ حَظَّكَ فِي لُعْبَةِ الشَّطْرَنجِ؟<br>کیاشطرنج کے کھیل میں تم نے اپنے نصیبہ کو آزمایا؟ | عَفْوًا، لَيْسَ لَدَيَّ وَقْتٌ لِلَّعِبِ.<br>معذرت! میرے پاس کھیلنے کا وقت نہیں ہے۔ |
| 13 | تَوَكَّلْ عَلَى اللهِ، وَ ابْدَأْ بِمُسَابَقَةِ الجَرْيِ يَا أَخَانَا<br>اللہ پر بھروسا کیجیے۔اے ہمارے بھائی! دوڑ کا مقابلہ شروع کرو۔ | نَعَمْ، أَنَا اَتَوَكَّلُ عَلَى اللهِ، وَ لٰكِنَّنِيْ أَخْشىٰ أَنْ أَسْقُطَ فَتَنْخَدِشَ رُكْبَتَايَ.<br>جی ہاں، میں اللہ پر بھروسا کرتا ہوں، لیکن میں خوف کرتا ہوں کہ میں گر جاؤں، تو میرے گھٹنے چھل جائیں۔ |

**حل لغات**: تُعِيْرَنِي: کسی کو کوئی چیز دینا، معینہ مدت تک، فعل مضارع واحد مذکر حاضر (افعال ،اجوف واوی)۔تَمَزَّقَ: پھٹنا، فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب (تفعل، صحیح) ۔اِنْخَلَعَ: اکھڑ جانا، فعل ماضی واحد مذکر غائب (انفعال، صحیح)۔لَا تَغْضَطْ: دبانا، فعل نہی واحد مذکر حاضر (فتح، ضغط)۔اِعْوَجَّتْ: ٹیڑا ہونا، فعل ماضی واحد مؤنث غائب (افعلال، اجوف وای)۔تَلَطَّخَ: آلودہ ہونا، فعل ماضی واحد مذکر غائب (تفعل، صحیح)۔جَرَّبْتَ: بار بار آزمانا۔تَنْخَدِشُ: خراش لگنا، چھلنا، فعل مضارع واحد مؤنث غائب، (انفعال، صحیح)۔حِبْرٌ: سیاہی۔دَوَّاسَةٌ: پائدان۔سَمِيْكٌ: موٹا۔

## اَلْحِوَارُ الثَّانِی (10)

### دوسرا مکالمہ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | سَعِيْدٌ: مَرْحَبًا بِكَ يَاشَاكِرُ! سعید:اے شاکر!خوش آمدید۔ | أَسْعَدُ: حَيَّاكَ اللهُ يَا نَعِيْمُ اسعد:اے نعیم!اللہ آپ کوسلامت رکھے۔ |
| 2 | سَعِيْدٌ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ الْيَوْمَ يَا أَخِيْ سعید:اے میرے بھائی!آج آپ نے صبح کیسی کی؟ | أَسْعَدُ: أَصْبَحْتُ بِخَيْرٍ وَعَافِيَةٍ،وَالْحَمْدُ لِلهِ . اسعد:الحمدللہ۔میں نے خیروعافیت کے ساتھ صبح کی۔ |
| 3 | سَعِيْدٌ: اَلْحَمْدُ لِلهِ، أَصْبَحْتُ عَلىٰ مَا يُرَامُ سعید:الحمدللہ۔میں نے بامراد صبح کی۔ | أَسْعَدُ: بَشِّرْنِيْ، هَلْ حَفِظْتَ حِوَارَ الأَمْسِ؟ اسعد:مجھے خوش خبری دو کیاآپ نے گزشتہ کل کا حوار(مکالمہ)یادکرلیا؟ |
| 4 | سَعِيْدٌ: وَاللهِ، يَا أَخِي مَا اسْتَطَعْتُ، وَ أَنْتَ؟ سعید:اللہ کی قسم،اے میرے بھائی!مجھ سے نہ ہوسکا۔اورآپ نے(یادکرلیا)؟ | أَسْعَدُ: قَدْ حَفِظْتُهُ ـ وَالحَمْدُ لِلهِ ـ لٰكِنَّنِيْ لَمْ أُتْقِنْهُ اسعد:الحمدللہ۔میں نے اسے یادکرلیا ہے۔لیکن اسے پکانہیں کرسکا۔ |
| 5 | سَعِيْدٌ: هَلْ بَدَأَتِ الْحِصَّةُ؟ سعید:کیاگھنٹی شروع ہوگئی؟ | أَسْعَدُ: لَا . بَلْ بَقِيَتْ خَمْسُ دَقَائِقَ اسعد:نہیں،بلکہ پانچ منٹ باقی ہیں۔ |
| 6 | سَعِيْدٌ: تَعَالَوْا نُرَاجِعِ الْحِوَارَ مَعًا؛ لِنَحْفَظَ سعید:آؤہم ساتھ ساتھ حوار کی | أَسْعَدُ: فِكْرَةٌ حَسَنَةٌ، وَ لٰكِنْ هَلْ يَكْفِيْنَا قَدَرٌ مِنْ هٰذَا الْوَقْتِ؟ اسعد:اچھی سوچ ہے؛لیکن کیاوقت کی |

| | | |
|---|---|---|
| | دہرائی کرلیتے ہیں؛تاکہ ہمیں یاد ہوجائے۔ | یہ مقدار ہمیں کافی ہے؟ |
| 7 | سَعِيْدٌ: نَعَمْ. لِأَنَّ الْمُعَلِّمَ يَتَأَخَّرُ عَادَةً خَمْسَ دَقَائِقَ<br>سعید:ہاں،کیوں کہ استاذ صاحب عادۃً پانچ منٹ تاخیر سے آتے ہیں۔ | أَسْعَدُ: حَسَنًا، فَلْنَبْدَأْ بِبَرْكَةِ اللهِ .<br>اسعد:ٹھیک،ہمیں اللہ کی برکت سے شروع کرنا چاہیے۔ |

**حل لغات**۔حَيَّ:زندگی عطا کرنا۔(فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب،لفیف مقرون ،تفعیل)۔۔یَكْفِيْ:کفایت کرنا۔(فعل مضارع صیغہ واحد مذکر غائب،ناقص یائی،ضرب)

## أَلْحِوَارُالثَّالِثُ(11)

### تیسرا مکالمہ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | عَفْوًا، أَعْطِنِي قَلَمِي.<br>معاف کرنا۔،مجھے میرا قلم دیدیں۔ | تَفَضَّلْ، خُذْهُ.<br>ٹھیک۔اسے لے لیں۔ |
| 2 | رَجَاءً، خُذْ مِنِّي الْمِسْطَرَةَ.<br>مہربانی فرماکر،مجھ سے اسکیل لے لیں۔ | هَا، قَدْ أَخَذْتُهَا<br>لو،یہ میں نے لے لیا۔ |
| 3 | ضَعِ الْكُرَّاسَةَ عَلَى الْمَكْتَبِ.<br>کاپی میز پر رکھ دو۔ | حَسَنًا، وَضَعْتُهَا.<br>ٹھیک ہے،میں نے اسے رکھ دیا۔ |
| 4 | لُطْفًا، أَعْطِ أَحْمَدَ الْكِتَابَ.<br>برائے مہربانی،تم احمد کو کتاب | حَاضِرٌ، سَأُعْطِيْهِ<br>حاضر ہے۔عنقریب میں اسے دیدوں |

| | | |
|---|---|---|
| | دیدو۔ | گا۔ |
| 5 | شَغِّلِ الْمِرْوَحَةَ. لَوْ سَمَحْتَ!<br>اگر تمہیں مناسب لگے، تو پنکھا چلاؤ۔ | اَلْجَوُّ بَارِدٌ، فَلِمَ تُشَغِّلُهَا يَا أَخِي؟<br>موسم ٹھنڈا ہے، تو میں کیوں چلاؤں، اے میرے بھائی! |
| 6 | أَوْقِفِ الْمِرْوَحَةَ مِنْ فَضْلِكَ.<br>برائے مہربانی، پنکھے کو روک دیں۔ | لِمَا ذَا يَا أَخِيْ؟<br>کیوں؟ اے میرے بھائی! |
| 7 | تَنَحَّ عَنِّيْ قَلِيْلًا لَوْ سَمَحْتَ!<br>برائے مہربانی! آپ تھوڑا مجھ سے دور رہیں۔ | أَيْنَ أَتَنَحىّٰ؟ أَمَا تَرىٰ الْمَكَانَ ضَيِّقًا؟<br>میں کہاں ہٹ جاؤں؟ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ جگہ تنگ ہے۔ |
| 8 | إِرْفَعْ حَقِيْبَتَكَ مِنْ أَمَامِي.<br>اپنا بیگ میرے سامنے سے ہٹالو۔ | صَبْرًا يَا أَخِي، سَأَرْفَعُهَا بَعْدَ دَقِيْقَةٍ<br>اے میرے بھائی! صبر کرو، عنقریب کچھ منٹ بعد ہٹالوں گا۔ |
| 9 | إِسْمَعْ مِنِّي الدَّرْسَ مِنْ فَضْلِكَ.<br>برائے مہربانی، مجھ سے سبق سن لیں۔ | إِنْتَظِرْنِي لَحْظَةً لَوْ سَمَحْتَ!<br>اگر آپ کو مناسب لگے تو کچھ لمحے میرے انتظار کیجیے۔ |
| 10 | أَسْمِعْنِي الْحِوَارَ بِسُرْعَةٍ<br>جلدی سے مجھ سے مکالمہ سنو۔ | عَفْوًا، لَمْ أُتْقِنْ حِفْظَهُ. طَيِّبٌ وَصَحِّحْ لِيْ أَخْطَائِي إِنْ وَجَدْتَّ<br>معاف کریں، میں نے اسے پکا یاد نہیں کیا۔ ٹھیک، میری غلطیوں کی درستگی فرمائیں اگر آپ (غلطیاں) پائیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| لَا ، سَأُسْمِعُكَ بَعْدَ دَقَائِقَ / نَعَم، يَا أَخِي ، أَسْمَعْتُكَ قَبْلَ قَلِيْلٍ<br>نہیں، عنقریب کچھ منٹ بعد سناؤں گا۔ہاں،اے میرے بھائی!تھوڑی دیر پہلے میں نے آپ کو سنایا۔ | هَلْ أَسْمَعْتَنِي الدَّرْسَ ؟<br>کیاتم نے مجھے سبق سنایا؟ | 11 |
| ضَوْءُ النَّهَارِ يَكْفِيْنَا ، فَلِمَ أُوْقِدَ الْمِصْبَاحُ يَا عَزِ يْزِى ؟<br>دن کی روشنی ہمیں کافی ہے تو بلب کیوں جلایا جائے اے میرے پیارے! | أَوْقِدِ الْمِصْبَاحَ ، لَوْ سَمَحْتَ !<br>براے مہربانی !،تو بلب/ چراغ جلادیں۔ | 12 |
| إِنْ فَتَحْتُهَا فَسَيَدْخُلُ الْغُبَارُ ، فَدَعْهَا مُغْلَقَةً . حَسَنًا ، سَأَفْتَحُهَا الآنَ .<br>اگر میں اسے کھول دوں تو غبار داخل ہوگا، تو اسے بند ہی رہنے دو۔ٹھیک،میں ابھی اسے کھول دیتا ہوں۔ | إِفْتَحِ النَّافِذَةَ مِنْ فَضْلِكَ ، لِيَتَجَدَّدَ الْهَوَاءُ .<br>برائے مہربانی کھڑکی کھول دیں؛ تاکہ ہوا تازہ ہوجائے۔ | 13 |
| هَا قَدْ أَغْلَقْتُهُ / لِمَ ؟ دَعْنَا نَتَمَتَّعْ بِالْهَوَاءِ الطَّلَقِ .<br>یہ لو میں نے اسے بند کردیا ۔کیوں؟(بند کردوں)ہم کھلی ہوا سے | أَغْلَقِ الْبَابَ ، لَوْ سَمَحْتَ !<br>اگر آپ مناسب سمجھیں تو دروازہ بند کردیں۔ | 14 |

| | | |
|---|---|---|
| | | لطف اٹھاتے ہیں۔ |
| 15 | قُمْ مِنْ مَكَانِي يَا عَزِ يْزِي.<br>میری جگہ سے اٹھ جاؤ اے<br>میرے پیارے! | مَنْ قَالَ هٰذَا مَكَانُكَ؟ / سَأَقُوْمُ بَعْدَ دَقِيْقَةٍ.<br>کس نے کہا یہ تمھاری جگہ ہے۔ میں<br>چند منٹ بعد کھڑا جاؤں گا۔ |
| 16 | إحْجِزْلِيْ مَكَانًا قُرْبَ السَّبُّوْرَةِ.<br>میرے لیے تختۂ سیاہ کے قریب<br>ایک جگہ محفوظ کرلو۔ | وَكَلَّتُ أَحْمَدَ لِيَحْجِزَ لِي وَ لَكَ / حَجَزْتُ لَكَ قَبْلَ أَنْ تَقُوْلَ لِي<br>میں نے احمد کو ذمہ داری ہے کہ وہ<br>میرے اور تمھارے لیے (جگہ) محفوظ<br>کرلے۔ مجھے بتانے سے پہلے میں نے<br>تمھارے لیے (جگہ) محفوظ کرلی ہے۔ |
| 17 | اِسْحبْ مَكْتَبَكَ قَلِيْلًا. لَوْ سَمَحْتَ!<br>اگر آپ کو مناسب لگے تو اپنا ڈیسک<br>تھوڑا سا کھینچ لیں۔ | هَا، قَدْ سَحَبْتُهُ / عَفْوًا، لَا أَسْتَطِيْعُ؛ لِأَنَّ الْمَكَانَ ضَيِّقٌ.<br>یہ لو میں نے کھینچ لیا۔ معذرت! میں<br>نہیں کرسکتا کیوں کہ جگہ تنگ ہے۔ |
| 18 | حَسِّنْ خَطَّكَ؛ لِتَتَمَكَّنَ مِنْ قِرَاءَتِهِ.<br>اپنی تحریر کو خوب صورت کرو؛ تاکہ<br>اسے پڑھ سکیں۔ | خَطِّي هٰكَذَا وَ لَا أَدْرِيْ مَاذَا أَفْعَلُ / يَا أَخِي، خَطِّي حَسَنٌ وَالْحَمْدُ لله<br>میری تحریر اسی طرح ہے، اور میں<br>نہیں جانتا کہ کیا کروں۔ الحمد للہ، میری<br>تحریر اچھی ہے۔ |
| 19 | مِن فَضْلِكَ، نَادِ ذٰلِكَ الطَّالِبَ. | حَسَنًا ذَاهِبٌ لِمُنَادَاتِهِ / نَادَيْتُهُ فَلَمْ |

| | | |
|---|---|---|
| | برائے مہربانی، اس طالب علم کو بلائیں۔ | يُجِبْنِي. ٹھیک، میں اسے بلانے جاتا ہوں۔ میں نے اسے پکارا لیکن اس نے جواب نہیں دیا۔ |
| 20 | إِسْمَعْ كَلَامَ الْمُعَلِّمِ وَ أَطِعْهُ استاذ صاحب کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو۔ | أُعَاهِدُكَ أَنَّنِي لَنْ أُخالِفَ كَلَامَ الْمُعَلِّمِ أَبَدًا. میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں استاذ کی بات کے خلاف کبھی نہیں کروں گا۔ |
| 21 | هَاتِ ذٰلِكَ الْكِتابَ، لَوْ سَمَحْتَ! اگر آپ کو مناسب لگے تو وہ کتاب لائیں۔ | حَسَنًا، تَفَضَّلْ، خُذْهُ. ٹھیک، شکریہ، اسے لو۔ |
| 22 | إِئْتِ بِباقَةِ وَرْدٍ مِنْ بَيْتِكَ، لِنَضَعَهَا فِي الْمَزْهَرِيَّةِ. تم اپنے گھر سے پھولوں کا ایک گلدستہ لانا تاکہ ہم اسے گلدان میں رکھیں۔ | حَسَنًا، سَآتِيْ بِهَا غَدًا. ٹھیک، میں اسے کل لاؤں گا۔ |
| 23 | جِئْ بِالْكُرَّاسَةِ مَعَكَ إِذَا رَجَعْتَ جب تم واپس آؤ تو اپنے ساتھ کاپی | عَذْرًا، لَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ آتِيَ بِهَا. معذرت! میں اسے نہیں لا سکتا. |

| | | |
|---|---|---|
| | لاو۔ | |

**حل لغات۔** اَلْمِسْطَرَۃُ:اسکیل،پیمانہ۔ضَعْ :رکھنا۔(فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر، مثال واوی،فتح)۔شَغِّلْ :مشغول کرنا۔(فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر،صحیح،تفعیل) ۔ اَلمِرْوَحَۃُ :پنکھا ۔ (جمع مَرَاوِحُ)۔اَوْقِدْ:جلانا۔(فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر،مثال واوی،افعال)۔اَغْلِقْ :بندکرنا۔(فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر،صحیح،افعال)۔نَتَمَتَّعُ:لطف اندوز ہونا،فائدہ اٹھانا،فعل مضارع جمع متکلّم (تفعل ،صحیح)۔اِحْجِزْ:محفوظ کرنا،روک لینا،فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر (ضرب،صحیح)۔اِسْحَبْ:کھینچنا،گھسیٹنا،فعل امر واحد مذکر حاضر،(سمع،صحیح)۔بَاقَۃٌ:خوشہ،گچھا۔گلدستہ،جمع بَاقَاتٌ۔

## اَلْحِوَارُ الرَّابِعُ (12)

### چوتھا مکالمہ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | **أُتْرُكْ هٰذِهِ الْعَادَةَ ،فَإِنَّهَا لَا تَلِيْقُ بِكَ**<br>اس عادت کو چھوڑ دو کیوں کہ یہ عادت تمھارے مناسب نہیں ہے۔ . | حَسَنًا ،سَأَتْرُكُهَا ،وَلَنْ أُعَاوِدَهَا أَبَدًا .<br>اچھا،میں اسے چھوڑ دوں گا اور دوبارہ کبھی ہرگز نہیں کروں گا۔ |
| 2 | عَلَيْكَ أَنْ تَتْرُكَ هٰذِهِ الْعَادَةَ ؛فَإِنَّهَا لَا تَلِيْقُ بِكَ .<br>تمہیں یہ عادت چھوڑ دینا چاہیے کیوں کہ یہ عادت تمھارے لائق نہیں ہے۔ | أَعِدُكَ أَنَّنِي سَأُفَارِقُهَا إِلَى الأَبَدِ .<br>میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں ہمیشہ کے لیے اس عادت کو چھوڑ دوں گا۔ |
| 3 | حَاوِلْ تَرْكَ هٰذِهِ الْعَادَةِ ،فَإِنَّهَا لَا تَلِيْقُ بِكَ .<br>اس عادت کو چھوڑنے کی کوشش کریں | حَاوَلْتُ تَرْكَهَا مِرَارًا ،فَلَمْ اَسْتَطِعْ<br>میں نے اسے بار بار چھوڑنے کی |

| | | |
|---|---|---|
| | کیوں کہ یہ عادت آپ کے مناسب نہیں ہے۔ | کوشش کی لیکن مجھ سے نہ ہوسکا۔ |
| 1 | صَحِّحْ أَلْفَاظَكَ بِالْعَرَبِيَّةِ ،لِتُصْبِحَ فَصِيْحًا .<br>آپ اپنے عربی کے الفاظ درست کریں تاکہ آپ فصیح ہوجائیں۔ | سَأَبْذُلُ كُلَّ مَا فِي وُسْعِي لِتَصْحِيْحِهَا .<br>میں اسے درست کرنے کے لیے اپنی طاقت بھر کوشش کروں گا۔ |
| 2 | يَجِبُ أَنْ تُصَحِّحَ أَلاَلْفَاظَ الْعَرِبِيَّةَ ،لِتُصْبِحَ فَصِيْحًا .<br>تمھیں عربی الفاظ کو ضرور درست کرنا چاہیے تاکہ تم فصیح بن جاؤ۔ | حَسَنًا ،وَأَرْجُو أَنْ تُسَاعِدَنِي عَلىٰ ذٰلِكَ .<br>ٹھیک، میں امید کرتا ہوں کہ آپ اس کام میں میری مدد کریں گے۔ |
| 3 | حَاوِلْ تَصْحِيْحَ الأَلْفَاظِ الْعَرَبِيَّةِ ؛لِتُصْبِحَ فَصِيْحًا .<br>عربی الفاظ کو درست کرنے کی کوشش کرو تاکہ تم فصیح بن جاؤ۔ | هَا أَنَا أُحَاوِلُ، وَاللهُ الْمُيَسِّرُ .<br>لو میں کوشش کرتا ہوں اور اللہ آسانی کرنے والا ہے۔ |
| 1 | كَلِّمْنِي بِالْعَرَبِيَّةِ فَقَطْ ،لِتَكُوْنَ سَلاَسَةٌ عَلىٰ لِسَانِكَ .<br>مجھ سے صرف عربی میں بات کرو تاکہ آپ کی زبان پر رواں ہوجائے۔ | طَيِّبٌ،سَأُكَلِّمُكَ بِالْعَرَبِيَّةِ مَا دُمْنَا مَعًا .<br>ٹھیک ہے، جب تک ہم ساتھ رہیں گے میں آپ سے عربی میں بات کروں گا۔ |
| 2 | عَلَيْكَ أَنْ تُكَلِّمَنِي بِالْعَرَبِيَّةِ فَقَطْ ؛لِتَكُوْنَ سَلاَسَةٌ عَلىٰ لِسَانِكَ. | أَحَقًّا مَا تَقُوْلُ ؟سَأُطَاوِعُكَ إِذَنْ ،وَلَا أُكَلِّمُكَ إِلَّا بِهَا . |

| | | |
|---|---|---|
| | تمہیں مجھ سے صرف عربی میں بات کرنا چاہیے تاکہ تمھاری زبان پر رواں ہوجائے۔ | کیا آپ سچ مچ میں ایسا کہہ رہے ہیں ؟ تب تو میں آپ کی پیروی کروں گا اور میں اسی زبان میں آپ سے بات چیت کروں گا۔ |
| 3 | حَاوِلْ تَكَلَّمْنِي بِالْعَرَبِيَّةِ فَقَطْ ،لِتَكُوْنَ سَلَاسَةً عَلٰى لِسَانِكَ .<br>مجھ سے صرف عربی زبان میں بات چیت کرنے کی کوشش کرو تاکہ آپ کی زبان پر رواں ہوجائے۔ | لَكَ مَا تُحِبُّ ،فَلَنْ تَسْمَعَ مِنِّي غَيْرَهَا بَعْدَهَا .<br>آپ کی پسند کا خیال رکھا جائے گا ،تم اس کے بعد اس زبان کے علاوہ (دوسری زبان) ہرگز مجھ سے نہیں سنو گے۔ |
| 1 | **اِبْحَثْ عَنِ الدَّبُّوْسِ فِي الدُّرْجِ ،لَعَلَّكَ تَجِدُهُ.**<br>پن دراز میں تلاش کرو ہوسکتا ہے کہ تم اسے پالو۔ | بَحَثْتُ عَنْهُ وَلَمْ أَظْفُرْ بِهِ.<br>میں نے اسے تلاش کیا لیکن مجھے اس میں کامیابی نہیں ملی۔ |
| 2 | يجِبُ أَنْ تَبْحَثَ عَنِ الدَّبُّوْسِ فِي الدُّرْجِ ،لَعَلَّكَ تَجِدُهُ .<br>تمہیں پن دراز میں ضرور تلاش کرنا چاہیے ہوسکتا ہے کہ تم اسے پالو۔ | كَيْفَ لِي أَنْ أَجِدَ شَيْئًا صَغِيْرًا فِي دُرْجٍ كَبِيْرٍ ؟<br>میرے لیے یہ کیسے ہوگا کہ میں ایک چھوٹی چیز بڑی الماری میں پالوں۔ |
| 3 | حَاوِلِ الْبَحْثَ عَنِ الدَّبُّوْسِ فِي الدُّرْجِ ،لَعَلَّكَ تَجِدُهُ . | يَا أَخِي ،دَعْنِي فَقَدْ حَاوَلْتُ وَلَمْ أَجِدْهُ. |

| | | |
|---|---|---|
| | پن کو دراز میں تلاش کرنے کی کوشش کرو شاید کہ تم اسے پالو۔ | اے میرے بھائی! مجھے چھوڑ دو میں نے کوشش کی لیکن میں نے اسے نہیں پایا۔ |
| 1 | أَعِنِّي عَلىٰ إِزَاحَةِ هٰذِهِ الْمِنْضَدَةِ.<br>اس ڈیسک کو ہٹانے میں میری مدد کرو۔ | طَيِّبٌ، مَا أَسْهَلَ مَا طَلَبْتَ .<br>اچھا، کتنا آسان ہے جو تم نے طلب کیا۔ |
| 2 | يَجِبُ أَنْ تُعِيْنَنِي عَلىٰ إِزَاحَةِ هٰذِهِ الْمِنْضَدَةِ .<br>اس ڈیسک میں ہٹانے پر تمہیں میری مدد ضرور کرنی چاہیے۔ | أَعْتَذِرُ، فَإِنِّي مَشْغُوْلٌ الآنَ ،سَأُعِيْنُكَ فِيْهَا بَعْدُ .<br>میں معذرت کرتا ہوں، ابھی میں مشغول ہوں، بعد میں آپ کی مدد کروں گا۔ |
| 3 | حَاوِلْ إِعَانَتِي عَلىٰ إِزَاحَةِ هٰذِهِ الْمِنْضَدِةِ .<br>اس ڈیسک کو ہٹانے میں میری مدد کرنے کی کوشش کرو۔ | حَاضِر يَا أَخِي ،شَدَّ مَا يُسْعِدُنِي مُسَاعَدَتُكَ .<br>اچھا اے میرے بھائی! آپ کی مدد کرنے سے مجھے کتنی خوشی ملے گی۔ |
| 1 | إِسْتَحِمَّ كُلَّ يَوْمٍ فِي الصَّيْفِ ،لِتَغْدُوَ نَظِيْفًا.<br>گرمی میں ہر دن غسل کرو تاکہ تم صاف ہو جاؤ۔ | اَلْمَاءُ شَحِيْحٌ وَ لَا يَسَعُنِي ذٰلِكَ<br>پانی کم ہے اور میرے لیے ناکافی ہو گا۔ |
| 2 | عَلَيْكَ أَنْ تَسْتَحِمَّ كُلَّ يَوْمٍ فِي الصَّيْفِ ،لِتَغْدُوَ نَظِيْفًا . | حَسَنًا، سَأَفْعَلُ وَأُوَاظِبُ عَلىٰ مَا قُلْتَ . |

| | | |
|---|---|---|
| | تم پر لازم کہ گرمی میں ہر دن غسل کرو تاکہ تم صاف ہوجاؤ۔ | ٹھیک، عنقریب میں کروں گا اور آپ کی بات پر پابندی کروں گا۔ |
| 3 | حَاوِلِ الإِسْتِحْمَامَ كُلَّ يَوْمٍ فِي الصَّيْفِ ،لِتَغْدُوَ نَظِيْفًا .<br>گرمی میں ہر دن غسل کرنے کی کوشش کرو تاکہ تم صاف ستھرے نظر آؤ۔ | يَا أَخِي ،لَمْ يَمُرَّ عَلَيَّ يَوْمٌ فِي الصَّيْفِ إِلَّا وَقَدْ اسْتَحْمَمْتُ فِيْهِ .<br>اے میرے بھائی! مجھ پر گرمی میں ایک دن بھی بغیر غسل کے نہیں گزرا |
| 1 | **تَسَلَّمِ الْكُتُبَ مِنْ مَكْتَبَةِ الْمَدْرَسَةِ لِئَلَّا تَفُوْتَكَ .**<br>مدرسے کی لائبریری کی کتابیں جمع کردو تاکہ تم سے ضائع نہ ہوجائیں۔ | تَسَلَّمْتُهَا –وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ –أَمْسِ<br>الحمدللہ، میں نے گزشتہ کل جمع کردیا تھا۔ |
| 2 | يَجِبُ أَنْ تَتَسَلَّمَ الْكُتُبَ مِنْ مَكْتَبَةِ الْمَدْرَسَةِ ،لِئَلَّا تَفُوْتَكَ .<br>تمہیں مدرسے کی لائبریری کی کتابیں ضرور جمع کردینا چاہیے کہیں وہ تم سے ضائع نہ ہوجائیں۔ | لَا تَخَفْ ،اَلْكُتُبُ كَثِيْرَةٌ ،وَلَا تَنْفَدُ .<br>مت ڈرو، کتابیں زیادہ ہیں ختم نہیں ہوں گی۔ |
| 3 | حَاوِلْ تَسَلُّمَ الْكُتُبِ مِنْ مَكْتَبَةِ الْمَدْرَسَةِ ،لِئَلَّا تَفُوْتَكَ .<br>مدرسے کی لائبریری کی کتابیں جمع کرنے کی کوشش کرو تاکہ وہ تم سے | حَاوَلْتُ التَّسَلُّمَ اَلْيَوْمَ ،غَيْرَ أَنِّي لَمْ أَجِدْ أَمِيْنَ الْمَكْتَبَةِ .<br>میں نے آج جمع کرنے کی کوشش کی لیکن میں نے لائبریری کے امین کو |

| | | |
|---|---|---|
| | ضائع نہ ہوجائیں۔ | نہیں پایا۔ |
| 1 | مَشِّطْ شَعْرَكَ كَلَّمَا شَعِثَ ،لِيَصِيْرَ مَنْظَرُكَ أَنِيْقًا . اپنے بالوں میں کنگھی کرو جب بھی بال بکھر جائیں تاکہ تمھاری شکل وصورت اچھی ہوجائے۔ | مَا خَرَجْتُ مَرَّةً ،إِلَّا وَقَدْ مَشَّطْتُّ شَعْرِي قَبْلَ الْخُرُوْجِ . میں جب بھی نکلا مگر نکلنے سے پہلے میں نے اپنے بالوں میں کنگھی کی۔ |
| 2 | يَجِبُ أَنْ تُمَشِّطَ شَعْرَكَ كُلَّمَا شَعِثَ ،لِيَصِيْرَ مَنْظَرُكَ أَنِيْقًا . تمہیں اپنے بالوں میں ضرور کنگھی کرنا چاہیے جب وہ بکھر جائیں تاکہ تمھاری شکل صاف ہوجائے۔ | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ،مَنْظَرِي أَنِيْقٌ ،وَإِنْ لَمْ أُمَشِّطَ شَعْرِي . الحمدللہ۔میری شکل صاف ہے،اگرچہ میں اپنے بالوں میں کنگھی نہ کروں۔ |
| 3 | حَاوِلْ تَمْشِيْطَ شَعْرِكَ كَلَّمَا شَعِثَ ،لِيَصِيْرَ مَنْظَرُكَ أَنِيْقًا . جب بال بکھر جائیں تو آپ اپنے بالوں میں کنگھی کرنے کی کوشش کرو تاکہ آپ کی شکل وصورت پسندیدہ وجائے،۔ | أَتُرِ يْدُنِي أَنْ أَقْضِيَ جَمِيْعَ وَقْتِي أَمَامَ الْمِرْأَةِ . کیا تم چاہتے ہو کہ میں اپنا تمام وقت آئینہ کے سامنے گذار دوں۔ |
| 1 | اِغْسِلْ ثِيَابَكَ كُلَّمَا اتَّسَخَتْ ؛ لِيَصِيْحَ هِنْدَامُكَ حَسَنًا . اپنے کپڑوں کو دھولو جب وہ میلے ہوجائیں؛تاکہ آپ کا سلیقہ پوشاک عمدہ معلوم ہو،حسین دکھائی دے۔ | أَمَا تَرَاهَا مَغْسُوْلَةً وَنَظِيْفَةً وَمُعَطَّرَةً؟ کیا آپ انھیں دھلا ہوا،صاف اور مہکتا ہوا نہیں دیکھتے؟ |

| 2 | عَلَيْكَ أَنْ تَغْسِلَ ثِيَابَكَ كُلَّمَا اتَّسَخَتْ ،لِيَصِيْحَ هِنْدَامُكَ حَسَنًا . تمہیں اپنے کپڑے دھونا ضروری ہے جب وہ میلے ہوجائیں تاکہ آپ کا قد خوب صورت ہوجائے۔ | أَشْكُرُكَ عَلىٰ اِهْتِمَامِكَ الْبَلِيْغِ بِي میں آپ کا شکر گزر ہوں کہ آپ نے میرا کافی خیال رکھا۔ . |
|---|---|---|
| 3 | حَاوِلْ غَسْلَ ثِيَابِكَ كُلَّمَا اِتَّسَخَتْ ؛ لِيَصِيْحَ هِنْدَامُكَ حَسَنًا . اپنے کپڑے دھونے کی کوشش کرو جب وہ میلے ہوجائیں تاکہ آپ کا سلیقہ پوشاک عمدہ ہوجائے۔ | عَفْوًا،حَاوَلْتُ غَسْلَهَا أَمْسِ ،فَلَمْ أَجِدْ مَسْحُوْقَ الْغَسِيْلِ . معاف کیجیے، میں نے گزشتہ کل دھونے کی کوشش کی لیکن میں نے دھونے کا پاوڈر نہیں پایا۔ |
| 1 | خَبِّئْ نُقُوْدَكَ فِي جَيْبِكَ ؛لِئَلَّا تَسْقُطَ اپنی جیب کے پیسوں کی حفاظت کرو کہیں وہ گر نہ جائیں۔ | لَا تَخَفْ "فَأَخُوْكَ يَقِظٌ ،وَلَا يَغْفِلُ عَنْ سُقُوْطِهَا . مت ڈرو، تمھارا بھائی بیدار ہے اور ان کے گرنے سے غافل نہیں ہے ۔ |
| 2 | عَلَيْكَ أَنْ تُخَبِّئَ نُقُوْدَكَ فِي جَيْبِكَ؛ لِئَلَّا تَسْقُطَ . تم پر لازم ہے کہ اپنے پیسوں کو جیب میں رکھ لو/ چھپالو کہیں وہ گر نہ جائیں۔ | لَيْسَ عِنْدِي غَيْرُ عَشْرِ رُوْبِيَاتٍ ،فَلَا بَأْسَ لَوْ سَقَطَتْ میرے پاس صرف دس روپیے ہیں اگر وہ گر بھی جائیں تو کوئی حرج نہیں۔ |
| 3 | حَاوِلْ تَخْبِئَةَ نُقُوْدِكَ فِي جَيْبِكَ ؛ لِئَلَّا | دَعْنِي وَ نُقُوْدِي،وَالْتَفِتْ إِلىٰ |

| | | |
|---|---|---|
| نُقُوْدِكَ.<br>میرے پیسوں کا(خیال) چھوڑ دیں اور اپنے پیسوں پر توجہ دیں۔ | تَسْقُطَ .<br>اپنی جیب میں پیسوں کی حفاظت کا خیال رکھو کہیں وہ گر نہ جائیں۔ | |
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ،لَمْ تَفُتْنِي صَلَاةٌ فِي الْمَسْجِدِ مُنْذُ فَتْرَةٍ .<br>الحمدللہ-ایک عرصے سے میری جماعت نہیں چھوٹی ہے۔ | حَافِظْ عَلٰى صَلَاةِ الْجَمَاعَةِ فِي الْمَسْجِدِ<br>مسجد کی باجماعت نماز پر پابندی کرو۔ | 1 |
| أُعَاهِدُكَ أَنَّنِي لَا أُصَلِّيَ الْفَرْضَ إِلَّا فِي الْمَسْجِدِ.<br>میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں میں فرض نماز مسجد میں ہی ادا کرتا ہوں۔ | عَلَيْكَ أَنْ تُحَافِظَ عَلٰى صَلَاةِ الْجَمَاعَةِ فِي الْمَسْجِدِ.<br>مسجد کی باجماعت نماز پر مداومت کرو۔ | 2 |
| سَأُحَاوِلُ غَايَةَ جُهْدِي .<br>میں حتی الامکان کوشش کروں گا۔ | حَاوِلِ الْمُحَافَظَةَ عَلٰى صَلَاةِ الْجَمَاعَةِ فِي الْمَسْجِدِ .<br>مسجد میں جماعت کی نماز پر پابندی کرنے کی کوشش کریں۔ | 3 |
| **مَصْرُوْفِي الْيَوْمِي لَا يُحِيْطُ بِجَمِيْعِ حَاجَاتِ الْيَوْمِي ،فَكَيْفَ أَدَّخِرُ بَعْضَهُ؟**<br>میرا یومیہ خرچ میری یومیہ تمام ضرورات کو پورا نہیں کرپاتا ہے تو | **اِدَّخِرْ بَعْضَ مَصْرُوْفِكَ الْيَوْمِي فِي صُنْدُوْقِ التَّوْفِيْرِ.**<br>اپنے بچت فنڈ/ سیونگ فنڈ میں یومیہ خرچ میں سے کچھ جمع کرتے رہو ۔ | 1 |

| | | |
|---|---|---|
| | | میں کیسے بعض کو جمع کروں۔ |
| 2 | عَلَيْكَ أَنْ تَدَّخِرَ بَعْضَ مَصْرُوْفِكَ الْيَوْمِي فِي صُنْدُوْقِ التَّوْفِيْرِ . تمہیں بجٹ فنڈ میں اپنے یومیہ خرچ میں سے کچھ جمع کرنا ضروری ہے۔ | اَلْحَمْدُ لِلهِ ،كُلَّ يَوْمٍ أَدَّخِرُ فِي صُنْدُوْقٍ خَمْسَ رُوْبِيَّاتٍ . الحمد للہ - ہر دن سیونگ فنڈ میں پانچ روپیہ جمع کرتا ہوں۔ |
| 3 | حَاوِلْ اِدِّخَارَ بَعْضِ مَصْرُوْفِ الْيَوْمِي فِي صُنْدُوْقِ التَّوْفِيْرِ . بجٹ فنڈ میں یومیہ خرچ میں سے تمہیں کچھ جمع کرنا ضروری ہے۔ | حَاوَلْتُ وَاسْتَخْرَجْتُ الْمَبْلَغَ مِنْهُ،وَاشْتَرَيْتُ بِهِ حَقِيْبَةً جَدِيْدَةً مَرَّةً وَقَدْ جَمَعْتُ مَبْلَغًا مُنَاسِبًا ،فَكَسَرْتُ الصُّنْدُوْقَ . میں نے کوشش کی اور میں نے اس میں سے ایک مقدار رقم نکال لی اور میں نے اس رقم سے ایک مرتبہ نیا بیگ خریدا ،اور میں نے ایک مناسب رقم جمع کی پھر میں نے صندوق توڑ دیا۔ |

**حل لغات:** تَلِيْقُ:مناسب ہونا،فعل مضارع واحد مؤنث غائب (ضرب،اجوف یائی)۔اَبْذُلُ:خرچ کرتا ہوں،فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم (نصر،صحیح)۔ اَلدَّبُّوْسُ:پن،لاٹھی۔دُرْجٌ:دراز،خانہ۔اَلمِنْضَدَةُ:تپائی،چھوٹی میز،سامان رکھنے کا تختہ ،جمع مَنَاضِدُ ۔اِسْتَحِمَّ:نہانا،فعل امر واحد مذکر حاضر،(استفعال،مضاعف ثلاثی) ۔شَحِيْحٌ:پانی کا کم ہونا۔مَشِّطْ:کنگھی کرنا،فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر (تفعیل ،صحیح) ۔شَعِثَ:بالوں کا بکھرنا،فعل ماضی معروف (سمع،صحیح)۔اِتَّسَخَتْ:میلا ہونا،(افتعال

،مثال واوی)۔ هِنْدَامٌ:حسن و قامت،ہیئت۔ خَبِّئْ:چھپانا، حفاظت کرنا،فعل امر صیغہ واحد مذکر(تفعیل ،مہموز تفعل ) ۔ مَسْحُوْقُ الْغَسِيْلِ: دھونے کا پاؤڈر۔ لَا يُغَطِّي: چھپانا،ڈھانکنا،فعل مضارع صیغہ واحد مذکر غائب،(تفعیل، ناقص یائی)۔ صُنْدُوْقِ التَّوْفِيْرِ .بجٹ فنڈ،سیونگ بینک۔ مَبْلَغٌ : رقم،مقدار، منتہی جمع مَبَالِغُ .

## اَلْمُعَلِّمُ وَالطَّالِبُ(13)

### استاذاور طالب علم

| | | |
|---|---|---|
| 1 | عَفْوًا يَا مُعَلِّمِي ،أُرِيْدُ الذَّهَابَ إِلَى دَوْرَاتِ الْمِيَاهِ . معاف فرمائیے،اے میرے استاد!میں باتھ روم جاناچاہتاہوں۔ | تَفَضَّلْ ،وَلَا تَأَخَّرْ . ٹھیک،اور دیر نہ کریں. |
| 2 | لُطْفًا يَا شَيْخُ ؟أَشْعُرُ بِالْعَطْشِ ، وَأُرِيْدُ شُرْبَ الْمَاءِ . مہربانی،اے شیخ!میں پیاس محسوس کرر ہاہوں،اور پانی پینے کی حاجت ہے ۔ | إِنْ كُنْتَ عَطْشَانَ بِالْفِعْلِ ،فَاذْهَبْ وَاسْتَعْجِلْ . اگر واقعی تم پیاسے ہو توجاؤاور جلدی کرو۔ |
| 3 | مَعْذِرَةً يَا مُعَلِّمِي ،عِنْدِي مَغْصٌ ،فَهَلْ أَخْرُجُ؟ معذرت اے میرے استاذ!مجھے مڑوڑ ہورہاہے کیامیں نکل جاؤں؟ | حَسَنًا؟أُخْرُجْ وَتَنَاوَلْ بَعْضَ الْمُسَكِّنَاتِ. اچھا۔نکل جاؤاور راحت بخش چیزیں کھاؤ۔ |
| 4 | عُذْرًا،نَظَرِي ضَعِيْفٌ ،فَهَلْ أَتَقَدَّمُ | تَقَدَّمْ ،وَلَا تُزَاحِمِ الآخَرِيْنَ . |

| | | |
|---|---|---|
| | ؟<br>معذرت، میری نظر کمزور ہے کیا میں آگے آسکتا ہوں؟ | آگے بڑھ جاؤ اور دوسروں کو نہ ڈھکیلو۔ |
| 5 | مُعَلِّمِي،عِنْدِي رَشْحٌ ،فَهَلْ أَسْتَنْثِرُ فِي مَحَلَّاتِ الْوُضُوْءِ ؟<br>میرے استاد: مجھے زکام ہے کیا میں وضوخانہ میں صاف کرلوں؟ | لَا،اِسْتَعْمِلِ الْمَنَادِيْلَ الْوَرَقِيَّةَ .<br>نہیں، ٹیشو پیپر کا استعمال کرو۔ |
| 6 | مُعَلِّمِي ،عِنْدِي صُدَاعٌ شَدِيْدٌ ،وَأُرِيْدُ قِسْطًا مِنَ الرَّاحَةِ .<br>میرے استاد! مجھے سخت دردسر ہے ا میں تھوڑا آرام چاہتا ہوں۔ | اِذْهَبْ إِلٰى غُرْفَةِ الإِسْتِرَاحَةِ .<br>ریسٹ روم میں چلے جاؤ |
| 7 | فَقَدْتُ قَلَمِي يَا شَيْخُ،فَمَاذَا أَفْعَلُ ؟<br>میں نے قلم گم کردیا اے شیخ! تو میں کیا کروں؟ | اِسْتَعِرْ اَحَدًا مِنْ أَصْدِقَائِكَ .<br>اپنے کسی دوست سے ادھار مانگ لو۔ |
| 8 | أَشْعُرُ بِدَوَارٍ حَادٍّ يَا مُعَلِّمِي .<br>اے میرے استاذ! میں تیز چکر کا احساس کر رہا ہوں۔ | لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللهُ .<br>کوئی بات نہیں، ان شاء اللہ پاکی (شفا) ملے گی۔ |
| 9 | عِنْدِي حُمًّى يَا شَيْخُ !<br>مجھے بخار ہے اے شیخ صاحب! | اِذْهَبْ وَتَنَاوَلْ خَافِضَ الْحَرَارَةِ<br>جاؤ اور حرارت کم کرنے والی چیز (گولی) لو۔ |
| 10 | اِشْتَدَّ حُصْرِي ،فَهَلْ لِي أَنْ أَخْرُجَ يَا | لَكَ ذٰلِكَ ،وَلٰكِنْ عَلَيْكَ أَنْ |

| | | |
|---|---|---|
| | شَيْخُ ! میرابند(پاخانہ پیشاب)سخت ہوگیا تو کیا میں نکل جاؤں اے شیخ صاحب! | تَسْتَعْجِلَ . وہ تمھارے لیے ٹھیک ہے لیکن تم جلدی کرو۔ |
| 11 | أَتَسْمَحُ لِي بِالدُّخُوْلِ يَا مُعَلِّمِي ! کیاآپ مجھے داخل ہونے کی اجازت دیتے ہیں اے میرے استاذ محترم!؟ | تَفَضَّلْ ،وَلَا تَتَأَخَّرْ . ٹھیک۔لیکن تاخیر نہ کرو۔ |
| 12 | اَلْمُدِيْرُ يُنَادِيْنِي ،فَهَلْ تَسْمَحُ لِي بِالذَّهَابِ ؟ مہتمم صاحن مجھے بلاتے ہیں،کیاآپ مجھے جانے کی اجازت دیتے ہیں؟ | لَبِّ نِدَاءَهُ ،وَإِيَّاكَ أَنْ تَتَأَخَّرَ بَعْدَ الإِنْتِهَاءِ . ان کی آوز پر لبیک کہواور پورا ہونے کے بعد تاخیر کرنے سے بچو۔ |
| 13 | اِسْتَدْعَتْنِي الإِرَادَةُ ،فَهَلْ تَسْمَحُ لِي بِالذَّهَابِ ؟ ارادہ نے مجھے طلب کیاآپ مجھے جانے کی اجازت دیتے ہیں؟ | إِذْهَبْ ،وَارْجِعْ حَالَمَا تَنْتَهِي . جاؤاور جب ختم ہوجائے تو واپس آؤ۔ |
| 14 | أُصِبْتُ بِالْغَثَيَانِ ،غَثِيَتْ نَفْسِي فَهَلْ لِي أَنْ أَخْرُجَ ؟ مجھے متلی آئی۔میراجی متلارہاہے کیا میں جاسکتا ہوں؟ | أُخْرُجْ وَتَقَيَّأْ فِي مَحَلَّاتِ الْوُضُوْءِ نکلواور وضو کی نالیوں میں قے کردو۔ |
| 15 | تَخَدَّرَتْ رِجْلِي فَهَلْ يَسَعُنِي أَنْ أَمُدَّهَا . | لَا يَسَعُكَ ذٰلِكَ فِي الصَّفِّ وَلَكَ أَنْ تَخْرُجَ . |

| | میرا پیر سن ہو گیا کیا مجھے اسے دراز کرنے کی گنجائش ہے؟ | تمھارے لیے کلاس میں اس کی گنجائش نہیں ہے اور تم نکل جاؤ۔ |
|---|---|---|

**حل لغات:** دَوْرَاتُ المِيَاهِ: بیت الخلا۔ اَشْعُرُ: محسوس کرنا، جاننا، (صحیح، نصر) ۔مَغْصٌ: پیٹ میں مروڑ ہونا، آنتوں کا درد، اور ان کا پیچ و تاب، جمع اَمْغَاصٌ ۔ مصدر (سمع ،صحیح)۔اَلمُسَكِّنَاتُ: راحت بخش، فرحت بخش۔لَا تُزَاحِمْ: ڈھکیلنا ،ٹکرانا، نہی واحد مذکر حاضر (مفاعلت، صحیح)۔رَشْحٌ: زکام، پسینہ۔اَسْتَنْثِرُ: ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا (استفعال، صحیح)۔اَلمَنَادِيْلُ الْوَرَقِيَّةُ: ٹیشو پیپر۔صُدَاعٌ: درد سر۔ قِسْطٌ: کچھ، جمع اَقْسَاطٌ۔دَوَارٌ: چکر۔حَادٌّ: تیز۔حُصُرٌ: پیشاب اور پاخانہ کا بند ہونا۔غُرْفَةُ الاسْتِرَاحَةِ: ریسٹ روم۔حُمِّيّ: بخار۔اِسْتَعِرَّ: مانگنا، ادھار لینا، فعل امر واحد مذکر حاضر ،(استفعال ،مضاعف)۔خَافِضُ الْحَرَارَةِ: حرارت کم کرنے والا (مراد بخار کی دوا)۔ لَبِّ: کسی کی آواز پر لبیک کہنا، فعل امر واحد مذکر حاضر (تفعیل ،ناقص یائی)۔غَثَيَانٌ: جی متلانا، قی ہونا۔مصدر (سمع، ناقص یائی)۔غَثِيْتُ: جی متلانا۔(سمع)۔

## مَا يَقُوْلُهُ الْمُعَلِّمُ لِلطَّالِبِ (14)

## استاذ صاحب طالب علم سے کیا کہتے ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| 1 | اَلْمُعَلِّمُ: لِمَ لَمْ تَحْفَظْ دَرْسَكَ يَا وَلَدُ؟<br>استاذ: اے لڑکے! تونے اپنا سبق یاد کیوں نہیں کیا؟ | اَلطَّالِبُ: هٰذِهِ الْمَرَّةُ الآخِيْرَةُ، وَأَرْجُو أَنْ تُسَامِحَنِي.<br>طالب علم: یہ لاسٹ مرتبہ ہے امید ہے کہ آپ مجھے معاف کردیں گے۔ |
| 2 | اَلْمُعَلِّمُ: لِمَاذَا حِفْظُكَ ضَعِيْفٌ الْيَوْمَ؟ | اَلطَّالِبُ: عَفْوًا يَا مُعَلِّمِي، اِنْقَطَعَتِ الْكَهْرَبَاءُ الْبَارِحَةَ. |

| | | |
|---|---|---|
| | استاد: تمھاری یادداشت آج کمزور کیوں ہے؟ | طالب علم: معاف کیجیے گا اے میرے استاد محترم! رات بجلی چلی گئی تھی۔ |
| 3 | اَلمُعَلِّمُ: لِمَاذَا تَكَرَّرَ غِيَابُكَ ؟أَمَا حَذَّرْتُكَ؟<br>استاد: تمھاری غیر حاضری بابار کیوں ہورہی ہے کیا میں نے تمہیں متنبہ نہیں کیا تھا؟ | اَلطَّالِبُ: أَرْجُو الْمَعْذِرَةَ يَاشَيْخُ ،كُنْتُ مَرِيْضًا.<br>طالب علم: اے شیخ! میں معذرت خواہ ہوں / طالب ہوں میں بیمار تھا۔ |
| 4 | اَلْـمُعَلِّمُ: تَتَبَّعْ بِاصْبَعِكَ عِنْدَ الْقِرَاءَةِ يَا وَلَدُ!<br>استاد: اے لڑکے! پڑھتے وقت اپنی انگلی کے پیچھے چلو (مراد انگلی رکھ کر پڑھو)۔ | اَلطَّالِبُ: حَاضِر ،سَأَفْعَلُ .<br>طالب علم: جی! میں ایسا ہی کروں گا۔ |
| 5 | اَلْمُعَلِّمُ: رَدِّدُوا مَا أَقُوْلُ يَا أَوْلَادُ؟<br>اے لڑکو! جو میں کہتا ہوں اسے دہراؤ۔ | اَلطَّالِبُ :طَيِّبٌ يَا مُعَلِّمَنَا .<br>طالب علم، اچھا اے ہمارے استاد محترم۔ |
| 6 | اَلْمُعَلِّمُ: هَلْ فَهِمْتُمُ الدَّرْسَ جَيِّدًا يَا أَوْلَادُ؟<br>استاد: اے لڑکو! کیا تم نے سبق اچھی طرح سمجھ لیا؟ | اَلطَّالِبُ: نَعَمْ: فَهِمْنَاهُ جَيِّدًا .<br>طالب علم: جی ہاں، ہم نے اسے اچھی طرح سمجھ لیا۔ |
| 7 | اَلْمُعَلِّمُ: أَفَهِمْتُمْ مَا قُلْتُ؟ | اَلطَّالِبُ: نَعَمْ: فَهِمْنَا تَمَامًا يَا |

| | | |
|---|---|---|
| | استاد: کیا تم نے سمجھ لیا جو میں نے کہا؟ | مُعَلِّمُ .<br>طالب علم: جی ہاں، ہم نے مکمل طور پر سمجھ لیا اے استاد!۔ |
| 8 | اَلْمُعَلِّمُ: هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُسْمِعَنِي الدَّرْسَ ؟<br>استاد: کیا تم سبق سنا سکتے ہوں؟ | اَلطَّالِبُ: نَعَمْ: ،يَا مُعَلِّمِي ،فَقَدْ حَفِظْتُ بِإِتْقَانٍ .<br>طالب علم: جی ہاں، اے میرے استاد: میں نے مضبوطی سے یاد کرلیا۔ |
| 9 | اَلْمُعَلِّمُ: اِفْتَحْ كِتَابَكَ وَاقْرَأْ.<br>استاد: اپنی کتاب کھولو اور پڑھو۔ | اَلطَّالِبُ: مِنْ أَيَّةِ صَفْحَةٍ يَا مُعَلِّمِي ؟<br>طالب علم: کس صفحہ سے؟ اے میرے استاد! |
| 10 | اَلْمُعَلِّمُ: وَاصِلِ الْقِرَاءَةَ يَا وَلَدُ؟<br>استاد: اے لڑکے! پڑھائی جاری رکھو۔ | اَلطَّالِبُ: سَمْعًا وَطَاعَةً .<br>طالب علم: سراپا پابند۔ |
| 11 | اَلْمُعَلِّمُ: هَلْ اِسْتَاذَنْتَ أَحَدًا قَبْلَ غِيَابِكَ ؟<br>استاد: کیا تم نے غیر حاضری سے پہلے کسی سے اجازت لی تھی؟ | اَلطَّالِبُ: نَعَمْ،لَقَدْ اِسْتَاذَنْتُ الْمُدِيْرَ فَأَذِنَ لِي.<br>طالب علم: جی ہاں، میں نے ناظم صاحب سے اجازت طلب کی تھی تو انہوں نے مجھے اجازت دی تھی ۔ |
| 12 | اَلْمُعَلِّمُ: إِنْ كُنْتَ نَعْسًا فَاذْهَبْ | اَلطَّالِبُ: نَعَمْ: أَنَا نَعْسَانٌ جِدًّا . |

| | وَتوضّأْ يا وَلَدُ!<br>استاد:اگر تمہیں اونگھ آرہی ہے تو جاؤ اور وضو کرلو،اے لڑکے! | طالب علم:جی ہاں،مجھے بہت اونگھ آرہی ہے۔ |
|---|---|---|
| 13 | اَلْمُعَلِّمُ :إِنْ كُنْتَ جَائِعًا فَكُلْ شَيْئًا مِنَ الطَّعَامِ .<br>استاد:اگر تم بھوکے ہو تو کچھ کھانا کھالو۔ | اَلطَّالِبُ:نَعَمْ،أَنَا جَوْعَانُ جِدًّا<br>طالب علم:جی ہاں،مجھے بہت بھوک ہے۔(میں بھوکا ہوں)۔ |
| 14 | اَلْمُعَلِّمُ:مَالَكَ كَثِيْرُ الْحَرْكَةِ يَا وَلَدُ؟<br>استاد:تمہیں کیا ہوگیا بہت حرکت کر رہے ہوا ے لڑکے! | اَلطَّالِبُ :عَفْوًا يَا مُعَلِّمِي ،أُصِبْتُ بِحِكَّةٍ شَدِيْدَةٍ .<br>طاالب علم:معاف فرمائیں اے میرے استاد:مجھے سخت کھجلی ہے۔ |
| 15 | اَلْمُعَلِّمُ:مَالَكَ تُكْثِرُ الإِلْتِفَاتَ؟<br>استاد:تمہیں کیا ہوا کہ تم ادھر اُدھر توجہ زیادہ کررہے ہو؟ | اَلطَّالِبُ:عُذْرًا يَا مُعَلِّمِي ،أَضَعْتُ مِحْبَرَتِي .<br>طالب علم:معذت اے میرے استاد:میری دوات گم ہوگئی ہے۔ |

**حل لغات**:اَلْكَهْرَبَاءُ:بجلی۔اَلْبَارِحَةُ:گزشتہ رات۔تَتَبَّعْ:پیچھے لگنا(تفعل) ۔ رَدِّدُوا:بار بار لوٹانا،فعل امر جمع مذکر حاضر(تفعیل،مضاعف ثلاثی)۔نَعْسًا:اونگھنا،مصدر (فتح ،صحیح)۔اَلْحِكَّةُ:کھجلی ،خارش۔اَضَعْتُ:ضائع کرنا، تلف کرنا،فعل ماضی واحد متکلّم ، (افعال،اجوف یائی)۔